© rasailojaraid.com

## ساعتے با اہلِ حق

**افادات وارشادات:** شیخ الحدیث مولانا سمیع الحق/ **مذاکرہ واستفسارات:** مولانا عبدالقیوم حقانی/ **ضبط وترتیب:** مولانا حبیب اللہ شاہ

**صفحات:** 576۔ **طباعت:** عمدہ۔ **قیمت:** لکھی نہیں۔

**ملنے کا پتا:** القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ (کے۔پی۔کے) **رابطہ نمبر:** 0346-4010613

''ساعتے با اہلِ حق'' ایک طالب حق شاگرد کی اپنے استاذ کے ساتھ وفا شعاری، نیاز مندی اور والہانہ محبت کی یادگار ہے...... جسے پڑھتے ہوئے دورِ قدیم کے اُستاذ شاگرد کے مضبوط تعلق کی یاد اُبھر کر سامنے آتی ہے۔

زیرِ تبصرہ کتاب دراصل حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب مدظلہم کے استفسارات ومذاکرات اور حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہم کے افادات وارشادات پر مشتمل ہے۔ مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہم صرف محراب ومنبر اور مسندِ درس وتدریس کے شناور نہیں بلکہ میدان سیاست کے بھی شہ سوار رہے ہیں۔ ملک کے مقتدر اداروں سینٹ اور قومی اسمبلی میں بھی آپ کی گھن گرج سنائی دیتی رہی ہے۔ آپ کے قدم اقتدار کی راہ داریوں سے بھی گزرتے رہے ہیں۔ قومی اور ملی تحریکات، تنظیمات اور مجالس میں آپ سے رہنمائی لی جاتی رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ بے شمار کہی اور اَن کہی داستانوں، راز ہائے درونِ خانہ اور سازش ہائے درون وبیرون سے بخوبی واقف ہیں۔ چنانچہ آپ کی مجالس بے حد معلومات انگیز ہوتی ہیں، آپ کے قابل فخر شاگرد گرامی حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہم نے اس بات کا اہتمام کیا کہ جب جب آپ کے ہاں حاضری ہو آپ کی معلومات افزاء باتوں کو قیدِ تحریر میں لے آیا جائے۔ ''ساعتے با اہلِ حق'' انہی مجالس کا تحریری مجموعہ ہے۔ تقریباً ساڑھے نو سو ذیلی عنوانات پر مشتمل اس مجموعے کی تاریخی حیثیت بھی ہے اور ادبی بھی۔ یہ مجموعہ اہلِ ذوق کے لیے ایک نایاب تحفہ ہے۔

## انوارِ حق (جلد اوّل)

**مجموعۂ خطبات:** شیخ الحدیث مولانا محمد انوار الحق دامت برکاتہم

**صفحات:** 304۔ **طباعت:** مناسب۔ **قیمت:** لکھی نہیں

**ملنے کا پتا:** القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ خالق آباد، نوشہرہ۔ **رابطہ نمبر:** 0301-3019928

شیخ الحدیث مولانا انوار الحق مدظلہم حضرت مولانا عبدالحق رحمہ اللہ کے فرزند گرامی اور وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے نائب صدر ہیں۔ جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں مسندِ حدیث کو رونق بخشتے ہیں نیز دارالعلوم حقانیہ



© rasailojaraid.com